ہنگامی منصوبہ بندی کے متعلق کون، کیا اور کیوں

آپ کی غیر موجودگی میں حالات کون سنبھالے گا؟

ENABLE Scotland

The Scottish Government

کون؟

کیئررز کی عمر سے قطع نظر ہنگامی منصوبہ بندی ہر کیئرر، اس کے زیر دیکھ بھال شخص، یا زیر دیکھ بھال شخص کی ضروریات یا معذوری کے لیے ضروری ہے۔

کیا؟

لہذا، ہنگامی منصوبہ بندی کیا ہے؟

ہنگامی منصوبہ بندی مختصر مدتی بنیادوں پر، غیر منظم حالات میں جب کیئرر اپنی ذمہ داریاں انجام نہ دے سکتا ہو، عملی انتظامات کا تعین کرتی ہے۔ ہنگامی منصوبہ بندی ایک تحریری دستاویز ہوتی ہے۔

ہنگامی صورتحال کسی بیماری، ذاتی بحران یا واقعہ کی صورت میں جو غیر متوقع طور پر یا بہت ہی مختصر وقت میں زیر دیکھ بھال شخص کے کیئرر کواس سے جدا کر دینے یا زیر دیکھ بھال شخص کی ضروریات میں اضافہ ہو جانے کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے۔

اس میں فیملی کی تجہیز و تکفین، ٹرانسپورٹ میں تاخیر، فیملی میں کسی کی بیماری، ہسپتال میں داخلہ، آخری لمحات میں ڈاکٹر یا ڈینٹسٹ کی اپائنٹمنٹ یا کیئرر پر اثر انداز ہونے والا ذاتی حادثہ شامل ہو سکتا ہے۔

اور مستقبل کی منصوبہ بندی کیا ہے؟

مستقبل کی منصوبہ بندی ہنگامی منصوبہ بندی سے مختلف ہوتی ہے۔

مستقبل کی منصوبہ بندی زیر دیکھ بھال شخص کے لیے طویل مدت کی دیکھ بھال کو کہتے ہیں جب کیئرر دیکھ بھال فراہم نہ کرسکتا ہو۔ ایسا بیماری، بڑھاپے، حالات کی تبدیلی یا موت کی وجہ سے ہو سکتا ہے۔

مستقبل کی منصوبہ بندی ہنگامی منصوبہ بندی کی نسبت زیادہ مفصل ہوتی ہے اس لیے پلان کی تیاری میں کیئرر، زیر دیکھ بھال شخص اور دیگر تمام متعلقہ فیملی ممبران، دوستوں اور پروفیشنلز کو شامل کیا جانا چاہیے۔ کیئرر اور زیر دیکھ بھال شخص کی خواہشات اور ترجیحات کو زیر غور رکھنا چاہیے۔

یہ مستقبل کی تیاری کا عمل ہے جس میں وقت کے ساتھ ساتھ آگے بڑھنا چاہیے۔ زیر غور آنے والے مسائل میں حالیہ اور مستقبل کی دیکھ بھال اور مدد، رہائشی بندوبست، عملی اقدامات، قانونی اور مالی اسباب کی فراہمی بشمول مختار نامہ، محافظت نامہ، وصیت نامہ اور ٹرسٹس (اگرضروری ہو) شامل ہیں۔

کس لیے؟

پلان کیوں مطلوب ہے؟

ہنگامی منصوبہ بندی کے لیے ایک تحریر شدہ پلان ضروری ہے کیونکہ یہ ایک ہنگامی صورتحال کو بحرانی صورتحال میں تبدیل ہونے سے روک سکتا ہے۔

بطور کیئررآپ اپنی زیر دیکھ بھال شخص کو فراہم کردہ دیکھ بھال میں مہارت رکھتے ہیں۔ اگر آپ کو کچھ ہو جائے تو دیگر افراد کو آپ کا تجربہ دستیاب ہونا چاہیے۔

پیشگی منصوبہ بندی کرتے ہوئے ہم امید کرتے ہیں کہ پلان کو کبھی بھی استعمال کرنے کی ضرورت پیش نہیں آئے گی، آپ اپنا تجربہ دوسروں کے ساتھ شیئر کر کے انہیں دیکھ بھال کی ذمہ داری ادا کرنے کا موقع فراہم کرتے ہیں۔ اگرکوئی ہنگامی صورتحال پیدا ہو جائے تو ایسے اقدامات سے آپ اور آپکی زیر دیکھ بھال شخص کی فکرمندی میں کمی واقع ہوتی ہے۔

منصوبہ بندی آپ کو فیملی، دوستوں اور ہمسایوں کے ساتھ بات چیت کا موقع بھی فراہم کرتی ہے تاکہ وہ ہنگامی صورتحال میں کوئی کردار ادا کر سکیں۔

کس وقت؟

آپ کومنصوبہ بندی کب کرنی چاہیے؟

ابھی!

ہمارا مشورہ ہے کہ آپ کو جس قدر جلد ہو سکے منصوبہ بندی کر لینی چاہیے کیونکہ اپنی نوعیت کے اعتبار سے ہنگامی صورتیں غیر متوقع ہوتی ہیں۔

ہم یہ مشورہ بھی دیتے ہیں کہ پلان پر سالانہ بنیادوں پر نظر ثانی کی جانی چاہیے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ تفصیلات اب بھی درست ہیں۔

کیوں؟

ہنگامی منصوبہ بندی کا پلان کس طرح تیار کریں؟

اپنی زیر دیکھ بھال شخص کی دیکھ بھال کی ضروریات پر غور کریں:

اب ان لوگوں کے بارے میں غور کریں جو آپ کی غیر موجودگی میں عبوری دیکھ بھال فراہم کر سکتے ہوں۔

ان لوگوں سے معلوم کریں کہ وہ کونسی دیکھ بھال فراہم کر سکتے ہیں یا کرنے پر رضامند ہیں۔ کیا کوئی ایسے ایام ہیں جب وہ مدد فراہم کر سکتے ہیں یا نہیں کر سکتے؟ کیا رات کے وقت دیکھ بھال کی ضرورت پیش آتی ہے؟ رات کے وقت کون قیام کر سکتا ہے؟ ان لوگوں کے رابطہ کی تفصیلات کیا ہیں؟

کیا ہنگامی صورت کے لیے رابطوں کو ترجیحی لحاظ سے درج کیا گیا ہے؟

کس جگہ؟

پلان کو کس جگہ رکھنا چاہیے؟

ہمارا خیال ہے کہ ہنگامی صورتحال سے متعلق تمام پلانز سوشل ورک سسٹم پر محفوظ رکھے جانے چاہیں لیکن فی الوقت یہ صورتحال چند ایک لوکل اتھارٹیز کے علاقہ جات ہی میں ممکن ہے۔

اس بنیاد پر ہم مندرجہ ذیل مشورہ دیتے ہیں:

آپ کے پاس اپنے گھراور زیر دیکھ بھال شخص کے گھر (اگر وہ مختلف ہے) میں ہنگامی منصوبہ بندی کے پلان کی ایک نقل موجود ہونی چاہیے۔

آپ کو پلان ہر اس شخص کے ساتھ شیئر کرنا چاہیے جس کا نام پلان کے اندر ہنگامی رابطہ میں درج کیا گیا ہے۔

آپ کو یہ پلان جی پی اور متعین کردہ سوشل ورکر کے ساتھ بھی شیئر کرنا چاہیے۔

اس پلان کو کسی بھی سروسز، کلب یا سرگرمیوں کے ساتھ شیئر کرنا بھی مفید ہے ہوتا ہے جن میں کیئرر یا اس کے زیر دیکھ بھال شخص حصہ لیتے ہیں۔

ہنگامی رابطوں کے ساتھ شیئر کریں

آپ کو چاہیے کہ ان تمام معلومات کو ایک پلان کی صورت میں یکجا کر دیں جن کو ایمرجنسی رابطہ میں شامل ہر شخص پڑھ کر اس پر دستخط کرے۔ ہر شخص کے پاس اس کی ایک نقل ہونی چاہیے یا اسے پلان تک رسائی حاصل ہونی چاہیے۔

پروفیشنلز کے ساتھ شیئر کریں

جیسا کہ اس سے قبل ذکر کیا گیا ہے پلان کو تمام متعلقہ پیشہ ور افراد اور سروسز کے ساتھ شیئر کیا جانا چاہیے۔ جتنے زیادہ لوگوں کو اس پلان کے بارے میں علم ہو گا اس بات کا زیادہ امکان ہے کہ کسی ہنگامی صورتحال میں پلان کامیابی کے ساتھ قابل عمل ہو گا۔

منصوبہ بندی کے لیے مدد

آپکا لوکل کیئررز سینٹر یا سوشل ورک ڈیپارٹمنٹ آپ کو ایک ایمرجنسی پلان کی تیاری میں مدد دے سکتا ہے۔ انیبل ڈائریکٹ **(ENABLE Direct)** آپ کوآپ کے علاقہ میں اس نمبر سے کیئررز سروسزکے بارے میں معلومات فراہم کر سکتا ہے:

0300 0200 101, ای میل: enabledirect@enable.org.uk

غور فرمائیں کہ گھر تک کس کو رسائی حاصل ہے۔ کیا آپ کو ہنگامی صورتحال میں رابطہ کرنے والوں کو چابیاں دینے کی ضرورت پیش آئے گی؟ کیا چابیوں کے لیے تجوری موجود ہے؟ اس کا کوڈ کس کے پاس ہے؟ کیا گھر کے اندر پالتو جانور موجود ہیں اورکیا کسی ہنگامی صورتحال میں ان کے لیے کوئی انتظامات کیے گئے ہیں؟

زیر دیکھ بھال شخص کی دوائی کہاں پر رکھی ہوئی ہے؟ (ہم فارمیسی کے پیک کردہ خوراک کے ڈبے یا بلیسٹر پیکس کی تجویز دیتے ہیں کیونکہ اس سے انسانی غلطی کا امکان ختم ہوجاتا ہے)

کیا زیر دیکھ بھال شخص کسی طرح کی الرجیوں سے متاثر ہے؟

زیر دیکھ بھال شخص کے معمولات کیا ہیں؟

کیا کوئی مخصوص غذائی ضروریات درپیش ہیں؟

زیر دیکھ بھال شخص بات چیت کس طرح کرتا ہے؟

متعلقہ پیشہ ور افراد کون ہیں اور ان کے ساتھ رابطہ کس طرح سے کیا جا سکتا ہے؟

کیا وہ شخص صحت یا دیکھ بھال کی ایسی خصوصی ضروریات رکھتا ہے جن کو ماہرانہ توجہ کی ضرورت پڑسکتی ہو؟ اگر ایسا ہے تو ہم کیئر مینجیر یا سوشل ورکرکے ساتھ بات کرنے کا مشورہ دیتے ہیں کہ آپ کی غیر موجودگی میں کیا ہو گا۔

کیا اس کے علاوہ کوئی ایسی بات ہے جو عبوری مینیجر کو جاننے کی ضرورت پیش آئے گی؟

انیبل اسکاٹ لینڈ پکنگ اپ دی پیسیس
انسپائر ہاؤس رینشاء پلیس یوروسینٹرل این
لینارکشائر ML1 4UF
ٹیلیفون:01698 737000

انیبل اسکاٹ لینڈ (ENABLE Scotland) کو اسکاٹش حکومت کی طرف سے مالی معاونت فراہم کی گئی ہے تاکہ وہ "پکنگ اپ دی پیسیس" پراجیکٹ پیش کر سکے جس کے ذریعے پورے اسکاٹ لینڈ میں کیئررز کی طرف سے ہنگامی منصوبہ بندی تک رسائی حاصل کرنے میں اضافہ ہو گا۔

ENABLE Scotland
Leading the way in learning disability

انیبل اسکاٹ لینڈ(ENABLE Scotland) اسکاٹ لینڈ میں SC009024 کے تحت ایک رجسٹر چیرٹی ہے۔